Agape بائبل آیات - God's Love Letter

یوحنا 15:9
میں تم سے محبت اس طرح کرتا ہوں جس طرح باپ مجھ سے کرتا ہے تم میری محبت میں قائم رہو۔

سعیاہ 43:1
اے یعقوب ! تجھ کو خداوند نے بنا یا تھا۔ اے اسرائیل ! تیری تخلیق خداوند نے کی تھی اور اب خداوند کا کہنا ہے ، "خوفزدہ مت ہو ! میں نے تجھے بچا لیا ہے میں نے تجھے نام دیا ہے اور تو میرا ہے۔

یرمیاہ 1:5

تمہاری ماں کے رحم میں تجھے تخلیق کر نے سے قبل ہی"
میں نے تم کو جان لیا۔
تمہارے جنم لینے سے قبل
میں نے تمہیں خاص کام کے لئے چُنا تھا۔
"میں نے تمہیں قوموں کا نبی ہو نے کے لئے چُنا تھا۔

یوحنا 15:16
تم نے مجھے منتخب نہیں کیا بلکہ میں نے تمہا را انتخاب کیا ہے کہ تم جا کر پھل لا ؤ۔ میں چا ہتا ہوں کہ یہ پھل تمہا ری زندگی میں قائم رہے۔تب ہی باپ تمہیں ہر وہ چیز دے گا جو تم میرے نام سے مانگو۔
یوحنّا 1:2 ۳
میرے عزیز دوست! میں جانتا ہوں کہ تمہا ری جان عافیت سے ہے اور اس لئے میں دعا کرتا ہوں کہ تو ہر جگہ عافیت سے رہے اور دعا کرتا ہوں کہ صحت اچھی رہے۔
سعیاہ 43:4
تو میرے لئے بہت اہم ہے۔ اس لئے میں تیرا احترام کروں گا۔ میں تجھ سے محبت کر تا ہو ں۔میں سبھی لوگو ں اور پیروکاروں کو بدلے میں دے دو ں گا تا کہ تو جی سکے۔"
رمیاہ 31:3
بہت دور سے خداوند
اپنے لوگوں کے لئے ظاہر ہو گا۔
خداوند فرماتا ہے، "اے لوگو! میں تم سے محبت کرتا ہوں اور میری محبت ہمیشہ رہے گی۔
میں ہمیشہ تمہا رے لئے سچا رہوں گا۔
ہوسیع 11:8
اے افرائیم! میں تجھ سے کیو ں کر دست بردار ہو جا ؤں؟"
اے اسرائیل! میں چاہتا ہوں کہ تیری حفاظت کروں۔
میں تجھ کو ادمہ کی طرح نہیں بنانا چا ہتا ہوں۔
میں نہیں چاہتا ہو ں کہ تجھ کو ضبوئیم کی مانند بنا دوں۔
میں اپنادل بدل رہا ہوں۔
میری شفقت تمہا رے لئے مستحکم ہو تی جا رہی ہے۔
یوحنا 3:16
ہاں! خدا نے دنیا سے محبت رکھی ہے اسی لئے اس نے اسکو اپنا بیٹا دیاہے۔ خدا نے اپنا بیٹا دیا تا کہ ہر آدمی جو اس پر ایمان لا ئے جو کھوتا نہیں مگر ہمیشہ کی زندگی پاتا ہے۔

سعیاہ 49:15
،لیکن خدا وند فرماتا ہے
!کیا کوئی ماں اپنے ہی بچے کو جس کو اس نے پالا ہے بھول سکتی ہے؟ نہیں"
!کیا کوئی عورت اس بچے کو جو اس کے ہی رحم سے جنم لیا ہے، بھول سکتی ہے ؟ نہیں
لیکن ہاں وہ شاید بھول جائے
لیکن میں (خداوند) تجھ کو نہیں بھولوں گا۔
سعیاہ 49:16
ذرا دیکھو ! میں نے اپنی ہتھیلی پر تیرا نام کھو دلیا ہے۔
میں ہمیشہ تیرے بارے میں سوچا کرتا ہوں۔
سعیاہ 41:13
،میں خدا وند تیرا خدا ہوں
میں نے تیرا داہنا ہاتھ تھام رکھا ہے۔
میں تجھ سے کہتا ہوں کہ
تو مت ڈر میں تجھے سہارا دونگا۔
متّی 28:20
میں تم کو جن تمام باتوں کے کر نے کا حکم دیا ہوں اس کے مطابق لوگوں کو فرمانبرداری کر نے کی تعلیم
"دو۔ اور کہا ،میں رہتی دنیا تک تمہارے ساتھ ہی رہونگا۔
یوحنا 14:1
یسوع نے کہا ، "اپنے دل کو تکلیف نہ دو خدا پر اور مجھ پر بھروسہ رکھو۔
سعیاہ 41:14
!اے چھو ٹے کیڑے یعقوب
!خوفزدہ نہ ہو! اے چھو ٹی تتلی اسرائیل ڈر مت
"یقیناً میں تجھ کو مدد دونگا۔
خود خدا وند ہی نے یہ ساری باتیں کہی تھیں۔
اسرائیل کے مقدس نے
: جو تمہاری حفاظت کرتا ہے کہا تھا
سعیاہ 43:2
جب کبھی بھی تجھ پر مصیبت پڑیگی تو میں تیرے ساتھ رہوں گا۔ جب تو ندی پار کرے گا توندی نہیں بہے گی۔ تو آگ سے ہو کر گذرے گا ، تو جلے گا نہیں۔ شعلہ تجھے نقصان نہیں پہنچا ئے گا۔
زبُور 23:1-6
خداوند میرا چوپان ہے۔
جن چیزوں کی بھی مجھے ضرورت ہوگی ، ہمیشہ میرے پاس رہیں گی۔
2
ہری ہری چراگاہوں میں وہ مجھے سکھ سے رکھتا ہے۔
وہ مجھ کو راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے۔
3
وہ اپنے نام کی خاطر میری رُوح کو نئی قوّت دیتا ہے۔
وہ مجھ کو صداقت کی راہ پر چلا تا ہے یہ دکھا نے کے لئے کہ وہ سچ مچ میں اچھّا ہے۔
4
میں موت کی اندھیری وا دی سے گذرتے ہو ئے بھی نہیں ڈروں گا۔
کیوں کہ خداوند میرے ساتھ ہے۔ تیرا عصا اور چھڑی مجھے تسلی دیتی ہے۔

5
اے خداوند! تو میرے دشمنوں کے روُ برو میرے آگے دستر خوان بچھاتا ہے۔
تو نے سرپر تیل انڈیلاہے۔ میرا پیالہ لبریز ہے اور چھلک رہا ہے۔
6
بھلا ئی اور رحمت عمر بھر میرے ساتھ ساتھ رہیں گی۔
میں خداوند کے گھر میں ایک طویل مدّت کے لئے قیام کروں گا۔
یوحنا 14:27
میں تمہیں اطمینان دلا تا ہوں یہ میرا اپنا اطمینان ہے تمہیں دیتا ہوں مگر اس طرح نہیں جیسا کہ دنیا"
تمہیں دیتی ہے اس لئے مت گھبرا ؤ اور نہ ڈرو۔
فِلِپّیُوں 4:7
اور خدا کی سلامتی تمہا رے دلوں اور دما غوں کو یسوع مسیح میں رکھے وہ جو سلامتی خدا دیتا ہے بہت
ہی عظیم ہے اور ہما ری سمجھ میں نہ آنے وا لی ہے۔
امثال 3:24
جب تم لیٹ جا ؤ گے تو تم نہیں ڈرو گے۔ جب تم لیٹو گے تو گہری نیند سو ؤ گے۔
زبُور 4:8
میں بستر پر جاتا ہوں اور سلامتی سے لیٹتا ہوں۔
کیوں کہ اے خدا وند !فقط تو ہی مجھے مطمئن رکھتا ہے۔
زبُور 33:18
جو لوگ خدا وندکی پیروی کر تے ہیں، انہیں خدا دیکھتا ہے اور ان کی نگہبا نی کرتا ہے۔
جو لوگ اس کی عبادت کر تے ہیں، اُن کو اُس کی شفقت بچاتی ہے۔
رومیوں 5:2
کیوں کہ جس کے وسیلے سے اور ایمان کے سبب سے اس فضل تک ہما ری رسائی ہوئی جس پر قائم ہیں 2
اور خدا کے جلا ل کی امید پر فخر کریں گے۔
سعیاہ 55:12
ہاں، "تم خوشی سے نکلو گے
اور سلامتی کے ساتھ روانہ کئے جا ؤ گے۔
تمام پہاڑ، پہاڑی تمہا رے سامنے نغمہ پر داز ہوں گے
اور بیرون شہر کے تمام درخت تالیاں بجائیں گے۔
یوحنا 16:22
یہی کچھ تمہا رے ساتھ ہے اب تم رنجیدہ ہو لیکن میں تم سے پھر ملوں گا تو تم خوش ہو گے۔ اور کو ئی
بھی تمہا ری خوشی تم سے نہیں چھین سکتا۔
لوقا 12:9
اگر کو ئی شخص کسی دوسرے کے سامنے کہے کہ وہ میرا عزیز نہیں ہے تو میں بھی خدا کے فرشتوں
کے سامنے اسکو اپنا عز یز نہیں بتا ؤں گا۔
متّی 10:30
تمہارے سر میں کتنے بال ہیں خدا کو اسکا بھی علم ہے۔
سعیاہ 54:10
،خداوند فرماتا ہے ، "پہاڑ کھسک سکتا ہے
،پہاڑی ہل سکتی ہے
لیکن میری شفقت ہمیشہ تیرے ساتھ رہے گی۔

”تیرے ساتھ میرا سلامتی کا معاہدہ نہیں ٹلیگا۔
خداوند جو تجھ پر رحم ظا ہر کر تا ہے یہ باتیں کہتا ہے۔
متّی 11:28
اے محنت مشقت کر نے والو! اور وزنی بوجھ اٹھا نے والو تم سب میرے پاس آ جا ؤ۔ میں تمہیں آرام پہنچا ؤں گا۔
غزل الغزلات 2:10
،میرے محبوب نے مجھ سے باتیں کیں اور کہا
اٹھو میری پیاری ، اے میری نازنین، آؤ کہیں دور چلیں۔“
ہوسیع 2:14
تو بھی میں (خداوند) اسے فریفتہ کرلونگا اور بیابان میں لا کر اس سے تسلی کی باتیں کہونگا۔“
ہوسیع 2:19,20
اور میں (خداوند) تمہیں ابدی دلہن بنا لونگا۔ میں تجھے نیکی،راستی محبت اور رحم کے ساتھ اپنی دلہن بنا لونگا۔
20
میں تجھے اپنی سچی دلہن بنا لوں گا۔ تب تو یقیناً خداوند کو جان جا ئے گی۔
خروج 4:13
لیکن موسیٰ نے کہا، “میرے خداوند میں تجھ سے التجا کر تا ہوں کہ دوسرے آدمی کو بھیج مجھے نہ بھیج۔”
ہوسیع 13:4
اسی طرح بنی اسرا ئیل بہت دنوں تک بغیر کسی بادشا ہ یا کسی قائدین کے رہیں گے۔ وہ بغیر قربانی کے یا بغیر یادگار کے پتھر کے رہیں گے۔ وہ بغیر ایفود کے یا بغیر کسی گھریلو دیوتا کے رہیں گے۔
یوحنا 15:14
اگر تم وہ چیزیں کرو جس کا میں نے حکم دیاہے تو تم میرے دوست ہو۔
مکاشفہ 3:20

سنو! میں دروازہ پر کھڑا ہو کر دروازہ کھٹکھٹا تا ہوں اور کوئی میری آوا ز سن کر دروازہ کھو لتا تو میں اندر آکر اس کے ساتھ بیٹھ کر کھا نا کھا ؤں گا اور وہ میرے ساتھ کھا ئے گا۔

یسوع

Pastor T. John Franklin
Church of Salvation, Healing, and Deliverance
COS-HAD.org